© rasailojaraid.com

دارانہ نظام رکھنے والی طاقت" اُس سے بھت کیا: ذرہ برابر بھی خوش نہ ہوتی، بلکہ" اس کی معمولی سی حرکت انقلاب پر زیادہ سے زیادہ تشدد پر اتر آتی"۔ پس دراصل یہ صورت حال جسکو مولانا صاحب نے دلیل میں پیش فرمایا ہے، اُنکے طرزِ عمل کے برحق ہونے کی دلیل نہیں ہے بلکہ اُن کے لیے اور ہر مسلمان کے لیے شرم سے ڈوب مرنے کی بات ہے۔ اللہ اللہ! اسلام ہمارے اور انکے جینے جی اس حد کو پہنچ گیا کہ اب شیطان اُس سے خوش ہونے لگا!

**کانفڈریسی آف انڈیا** مصنفہ "ایک پنجابی" شائع کردہ سر محمد شاہ نواز خان نواب ممدوٹ، ڈیوس روڈ، لاہور

یہ کتاب پاکستانی تحریک کے لٹریچر میں نمایاں حیثیت رکھتی ہے۔ یہ پہلی کتاب ہے جس میں اس مسئلہ کا علمی اور تفصیلی مطالعہ کیا گیا ہے۔ اس مطالعہ میں پاکستان کے بجائے "انڈستان" کی اصطلاح استعمال کی گئی ہے۔ پاکستان کے دوسرے نظریات میں اور اس تجویز میں کوئی بنیادی اور اصولی امتیاز نہیں۔ کتاب کا آدھا حصہ اس بحث میں صرف کیا گیا ہے کہ شمالی مغربی ہند کو باقی ہندوستان سے الگ کر کے یہاں ایک خود مختار اسٹیٹ قائم کرنا کس لیے جائز اور واجب ہے۔ اس سلسلہ میں بعض واقعات و حقائق کو نہایت صفائی اور خوبی کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔

سب سے پہلے ہندوستان کی گذشتہ پچاس سالہ تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ یہاں کی سب سے بڑی اور مقتدر سیاسی جماعت، یعنی آل انڈیا نیشنل کانگریس کا برتاؤ مسلمانوں کے ساتھ نہ صرف ناروا بلکہ ناقابل برداشت رہا ہے۔ اس جماعت کا سب سے بڑا منصوبہ اور مقصد یہ رہا ہے اور ہے کہ مسلمانوں کے علحدہ وجود کو فنا کر کے ملک میں ایک متحدہ قومیت کی بنا ڈالی جائے۔ اسی لیے باوجودیکہ کئی بار ہندو مسلم سمجھوتہ ہوا، سیاسی اتحادات قائم ہوئے، مگر بہر حال اکثریت کی قوم نے کبھی ایفائے عہد کی شرم نہ رکھی۔

اس کے بعد مسئلہ قومیت پر ایک تفصیلی بحث کی گئی ہے جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ جب سے مسلمان اس ملک میں آباد ہوئے ہیں آج تک مشترکہ قومیت کی تحریک کبھی کامیاب نہیں ہوئی بلکہ بسا اوقات باہمی تصادم، خانہ جنگی اور خونریزی کا باعث بنی۔ زمانۂ حال میں ہندوؤں نے اپنی قومی عصبیت اور اسلام دشمنی کا طرح طرح سے ثبوت دیا ہے۔ آل انڈیا نیشنل کانگریس، ہندو مہا سبھا، آریہ سماجی تحریک وغیرہ دراصل ایک ہی خواب کی ذرا بدلی ہوئی تعبیریں

© rasailojaraid.com